## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی طویل ملاقات

## مسلح افواج کا دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن، سندھ خصوصاً کراچی میں امن وامان اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## رحمٰن ملک نے دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن میں مسلح افواج کی مثبت کارروائیوں اور حکمت عملی سے الطاف حسین کو آگاہ کیا

## ایم کیوایم جمہوری نظام اور جمہوری حکومت کو مزید مستحکم اور مؤثر بنانے میں ماضی کی طرح اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔الطاف حسین

## ایم کیوایم مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مسلح افواج کے ساتھ اپنا مثبت تعاون جاری رکھے گی۔الطاف حسین

لندن۔۔۔16جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے گزشتہ روز وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے طویل ملاقات کی ۔ ملاقات کے دوران ملک میں امن وامان کی صورتحال، خصوصاً ملک میں جاری مسلح افواج کا مسلح دہشت گردوں کے خلاف آپریشن اور صوبہ سندھ خصوصاً کراچی میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے اپنی گفتگو میں بتایا کہ لینڈ مافیا کے خلاف حکومت نے مؤثر حکمت عملی تیار کی ہے جسکے مثبت نتائج جلد قوم کے سامنے آئیں گے۔رحمٰن ملک نے ملک میں مسلح دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن میں مسلح افواج کی مثبت کارروائیوں اور حکمت عملی سے بھی جناب الطاف حسین کو آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے رحمان ملک کو مسلح دہشت گردوں کے خلاف کئے جانے والے آپریشن اور مسلح دہشت گردوں کی کارروائیوں کے نتیجے میں بے دخل ہونے والے لاکھوں افراد کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات سے بھی رحمان ملک کو آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے رحمٰن ملک کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ملک میں جاری جمہوری نظام اور جمہوری حکومت کو مزید مستحکم اور مؤثر بنانے میں ماضی کی طرح اپنا کردار ادا کرتی رہے گی اور مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مسلح افواج کے ساتھ اپنا مثبت تعاون جاری رکھے گی۔

## گلستان جوہر میں آتش گیر مادہ برآمد کرکے ناکارہ بنانے پر کمیونٹی پولیس اہلکاروں کو الطاف حسین کا خراج تحسین اور شاباش

لندن۔۔۔16رجون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلستان جوہر کے علاقے میں پیر کی شب آتش گیر مادے سے بھرا پیکٹ برآمد کرنے پر کمیونٹی پولیس کراچی کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور انہیں شاباش دیتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی پولیس کے ان جوانوں بے مثال اور پیشہ وارانہ کارکردگی سے کراچی کو ایک بڑی تباہی سے محفوظ رکھ کر دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کے علاقے گلستان جوہر کے ایک شاپنگ سینٹر سے کمیونٹی پولیس کے جوانوں نے آتش گیر مادہ برآمد کرکے انہیں ناکارہ بنادیا ہے جس پر وہ بجاطور پر خراج تحسین اور شاباش کے مستحق ہیں۔

## جماعت اسلامی خودکش حملے کرکے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور معصوم وبے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے طالبان کے گھناؤنے جرائم میں پوری طرح شریک ہے۔ارکان سندھ اسمبلی

## ایم کیوایم پر بے سروپا الزامات لگا کر جماعت اسلامی اپنے دامن پر لگے ہوئے داغ نہیں دھوسکتی

## جماعت اسلامی کے ترجمان کے بیان پر تبصرہ

کراچی۔۔۔16جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے ترجمان کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں خودکش حملے کرکے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور معصوم وبے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے طالبان کے گھناؤنے جرائم میں جماعت اسلامی بھی پوری طرح شریک ہے اور ایم کیوایم پر بے سروپا الزامات لگا کر جماعت اسلامی اپنے دامن پر لگے ہوئے داغ نہیں دھوسکتی۔اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کے عوام ہی نہیں بلکہ پوری دنیا اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ جماعت اسلامی نے امریکہ اور روس کی سرد جنگ کے دوران امریکہ کی ایماء پر پاکستان کے ہزاروں معصوم نوجوانوں کو جہاد کے نام پر روس کے خلاف افغانستان بھیج

کرمروایااوراسکےعوض امریکہ سے بوریوں میں بھربھر کے ڈالروصول کئے ۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کی منافقت کا یہ عالم ہے کہ کل تک امریکہ سے بوریوں میں بھربھر کے ڈالرمل رہے تھے تو جماعت اسلامی کی نظر میں امریکہ اسلام کا دوست تھا اور آج جب امریکہ سے ڈالرملنا بند ہوگئے ہیں تو وہی امریکہ جماعت اسلامی کی نظر میں اسلام کا دشمن ہوگیا ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کچھ دنوں قبل تک طالبان سوات ، مالاکنڈ ڈویژن اور مختلف قبائلی علاقوں میں سیکوریٹی فورسز کے اہلکاروں اور معصوم و بے گناہ نوجوانوں، بزرگوں حتیٰ کہ خواتین تک کو ذبح کررہے تھے، بزرگ ہستیوں کا بہیمانہ قتل کررہے تھے،میتوں کوقبروں سے نکال کر لٹکا رہے تھے، بزرگان دین کے صدیوں پرانے مزارات کو بموں سے اڑا رہے تھے اوروحشت وبربریت کا بازارگرم کئے ہوئے تھے اور وہ ملک کے آئین، عدلیہ اور پارلیمنٹ سمیت پورے ریاستی نظام کی دھجیاں بکھیر رہے تو جماعت اسلامی نے طالبان کی جانب سے کئے جانے والے ظلم وبربریت کے ان واقعات پرخاموشی اختیار کررکھی تھی اور آج جب مسلح افواج نے ملک کی سلامتی سے کھیلنے والے ان دہشت گرد طالبان کے خلاف فوجی آپریشن شروع کررکھا ہے تو جماعت اسلامی نے اس آپریشن کے خلاف احتجاجی کیمپ لگا رکھا ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ آج بھی طالبان ملک کے مختلف شہروں میں مسجدوں اور امام بارگاہوں پر خودکش حملے کرکے نمازیوں کا خون بہارہے ہیں، مسجدوں،کوبموں سے اڑارہے ہیں، جید علمائے دین کا قتل کررہے ہیں، پولیس اور سیکورٹی فورسز کے قافلوں، چیک پوسٹوں اور پبلک مقامات پر حملے کررہے ہیں، طالبان نے پوری ریاست کے خلاف جنگ شروع کررکھی ہے لیکن جماعت اسلامی ملک دشمن طالبان کے خودکش حملوں اور دہشت گردیوں کی مذمت کرنے کے بجائے طالبان کی حمایت کررہی ہے اور طالبان کے خودکش حملوں اور کلمہ گو مسلمانوں کے قتل عام کو امریکی اور نیٹو فورسز کی کارروائیوں کا ردعمل قرار دیکر انہیں درست اور جائز قرار دے رہی ہے ۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی قوم کو اس بات کا جواب دے کہ مسجدوں اور امام بارگاہوں میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے نمازیوں اور لوگوں کو دین کا پیغام دینے والے علمائے کرام کا کیا قصور ہے جنہیں جماعت اسلامی کے طالبان خون میں نہلارہے ہیں؟ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنی روایتی منفی سیاست کے تحت ایم کیوایم پر چاہے کیسے ہی بہتان لگالے لیکن وہ قوم کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتی اور اپنے دامن پر لگے ہوئے داغوں کو نہیں دھوسکتی۔

## کراچی میں بجلی چارجز میں اضافہ شہریوں پرظلم ہے،حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔16، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی چارجز میں اضافہ کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی صارفین پہلے ہی بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں اور بجلی چارجز میں اضافہ صارفین کے ساتھ سراسر ناانصافی کے مترادف ہے۔اپنے مشترکہ بیان انہوں نے کہا کہ کراچی میں بجلی کے صارفین کیلئے بجلی چارجز میں 145 فیصد اضافہ ظلم ہے اوراس سے غریب عوام براہِ راست متاثر ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بجلی کی فراہمی کیلئے تو اس کے ذمہ دار ادارے کی جانب سے کوئی خاطرخواں اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں اور غریب عوام سمیت تاجر،صنعتکار،کاروباری حضرات بجلی کی لوڈشیڈنگ سے شدید متاثر ہیں جبکہ اسپتالوں اوراسکولوں میں بھی مریضوں اور طلباء کو انتہائی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ شہریوں کو بجلی آدھے دن بھی مستقل فراہم نہیں کی جارہی ہے لیکن اس کے باوجود بجلی کے چارجز میں اضافہ کردیا گیا جس سے غریب عوام سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد میں شدید غم و غصہ کی لہر پائی جارہی ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی چارجز میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور بجلی کے بحران اور لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے متعلقہ ادارے کی جانب سے فی الفور اور ہنگامی نوعیت کے اقدامات نہ کرنے پر بازپرس کی جائے۔

## رابطہ کمیٹی کا کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن شجاع الدین کی ہمشیرہ محترمہ فرحانہ، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن محمد آصف کے والد عبدالغفار، ایم کیوایم گھوٹکی زون یونٹ میرپور ماتھیلو نظیر احمد کلہوڑو کی والدہ مائی نظیراں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران و لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆